○ بیٹی کے اغوا کے صدمے نے بوڑھے باپ کی جان لے لی۔ مرنے والا تھانے کے چکر لگاتا رہا۔ پولیس والوں نے ساتویں جماعت کی طالبہ کے اغوا کا پرچہ درج نہ کیا۔ باپ مرگیا تو ایڈیشنل آئی جی کے حکم پر پرچہ درج ہوگیا۔ تھانیدار نے مرنیوالے کی بے عزتی بھی کی تھی۔ (جنگ ۶ ۱۰/۸۹)

ملک میں مکمل امن و امان ہے

○ قلعہ رائے سنگھ کے قریب ڈاکوؤں نے فلائنگ کوچ لوٹ لی۔ کوچ کو شاہراہ سے دور لے جا کر خواتین سے زیورات اُتروا لئے گئے۔ کوچ گوجرانوالہ سے فیصل آباد جارہی تھی۔ (جنگ ۵ ۱۰/۸۹)

○ کچا فیروز پور روڈ پر سکوٹر سوار سے چار لاکھ روپے چھین لئے۔ مسلح افراد نے سکوٹر سوار کو روک کر فائرنگ شروع کر دی اور لوٹ کر فرار ہوگئے۔ (جنگ ۴ ۱۰/۸۹)

○ تھانہ مانوالہ کے نزدیک لاہور کی فلائنگ کوچ لوٹ لی گئی۔ ڈاکوؤں نے مسافروں کو قطار میں کھڑا کر کے تلاشی لی۔ خواتین سے جبراً زیورات چھینے۔ (جنگ ۴ ۱۰/۸۹)

○ ہتھوڑا گروپ نے ملتان میں دو اور افراد کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ مرنے والے دونوں مزدور ایک زیرِ تعمیر مکان کے احاطے میں سو رہے تھے۔ ایک اور واردات میں ایک مزدور زخمی ہوگیا۔

(جنگ: ۲ ۱۰/۸۹)

○ فیصل ٹاؤن میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے محنت کش ہلاک ہوگیا۔ نامعلوم افراد نے سامان اُٹھانا چاہا مزدور کی مزاحمت پر فائرنگ کر دی (جنگ ۲ ۱۰/۸۹)

○ ہال روڈ پر دن دہاڑے فائرنگ۔ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا۔ زخمی نے واردات سے قبل پولیس کو اطلاع دی تھی کہ اُسے ملزمان سے جان کا خطرہ ہے۔ (جنگ ۲ ۱۰/۸۹)

○ گزشتہ روز گرفتار ہونیوالے گروہ کے ایک رکن عمران علی کے بھائی محبوب علی نے الزام لگایا کہ میرے بھائی کو تقریباً چار روز قبل ایک لڑائی کے کیس میں ماڈل ٹاؤن پولیس نے گرفتار کیا تھا۔ جبکہ میرے بھائی کو ڈاکوؤں کے گروہ میں ناجائز طور پر ملوث کیا گیا ہے کہ میرے بھائی کا جس شخص سے جھگڑا ہوا تھا وہ ایک پولیس افسر کا رشتہ دار ہے۔ (جنگ ۲۲ ۱۰/۸۹)

خادم حسین شیخ

زبان میری ہے بات اُنکی

❀ بے نظیر کو وزارتِ عظمیٰ میں نے دلوائی تھی۔ (ولی خان)

ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُس کا آسمان کیوں ہو۔

❀ سندھ میں شراب کی دکانیں کھولنے کے لیئے لائسنس جاری نہ کیئے جائیں۔

(وزیرِاعظم کی صوبائی حکومت کی ھدایت)

شکریہ! لائسنس کے بغیر تو بہت مل جاتی ہے۔

❀ مصطفیٰ کھر بالآخر اپنے ساتھیوں میں واپس آگیا۔ (ایک خبر)

پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا۔

❀ ہماری ثقافت بے نظیر۔ سوچ بے نظیر اور وزیرِاعظم بھی بے نظیر ہیں۔ (بیگم بھٹو)

ہماری بیٹی بے نظیر۔ داماد بے نظیر اور سمدھی بھی بے نظیر ہیں۔

❀ لڑائی میری طرف سے شروع نہیں ہوگی۔ چوڑیاں بھی نہیں پہن رکھیں کسی نے وفاق کیلئے خطرہ بننے کی کوشش کی تو ٹوٹ جاؤں گا۔ (کھر)

وقت و حالات بھول جاتے ھیں ○ اک اک بات بھول جاتے ھیں

حد تو یہ ہے کہ لوگ لمحوں میں ○ اپنی اوقات بھول جاتے ھیں

❀ سیف گیمز میں ۲۲ پاکستانی خواتین کھلاڑی حصہ لے رہی ھیں۔

جمہوریت بحال ہوگئی ہے۔ کھلے ای کھاؤ تے ننگے ای نہاؤ

❀ یہ بھی غلط ہے کہ بے نظیر اپنے والد کا انتقام لے رہی ہے۔ (نصرت بھٹو)

کھانے کے گال۔ نہانے کے بال چھپے نہیں رہتے۔

❀ وفاقی محکموں میں خواتین کیلیئے ۵ فی صد کوٹہ مقرر کر دیا گیا۔ (ایک خبر)

زنانہ حکومت کی طرف سے دفتری اہل کاران کے لئے مستقل تفریح کا سامان۔

❀ اپنی زندگی کسی آزادی کے تحفظ کے لیئے وقف کردیں۔ (بے نظیر)

خاص طور پر مادر پدر آزادی کیلئے۔

❀ شراب پی کر گشت کرنے والا ایس پی گرفتار (ایک خبر)

شریف لوگ بھی ہوتے ہیں پینے والوں میں
ہر ایک سے اچھا نہیں ٹھٹھول اے ساقی!

❀ پیپلز پارٹی مجاہدین کی جیتی جنگ ہروا رہی ہے۔ (۲۵۔ ارکانِ اسمبلی)

شہید شاہنواز اور غازی مرتضیٰ کے محسنوں کو بھلا کون ناراض کر سکتا ہے۔

❀ وزیر اعظم بے نظیر بھٹو۔ دسمبر میں دوسرے بچے کی ماں بننے والی ہیں (انڈی پینڈنٹ)

آپ کو کیا اعتراض ہے؟

❀ ہیجڑوں نے پولیس کے خلاف اجلاس طلب کر لیا۔ (ایک خبر)

کر سکتے ہیں کہ جمہوریت میں ایک ہیجڑا بھی وزیر اعظم بن سکتا ہے۔

❀ وزارتِ اعلیٰ خود میرے پاس آئے گی (کھر)

وہ حسینوں کی زلفیں کہاں تیری قسمت
تو کھوتی کی پوچھل پکڑ تھام دینا

❀ حیدر آباد میں نقاب پوشوں کا راج۔ (ایک خبر)

اگر یہ پیپلز پارٹی کے کارکن نہیں ہیں تو وہ اُنھیں اپنے صوبے میں بھی پکڑنے سے گریزاں کیوں ہے۔؟

❀ مجتبیٰ بہت " موزوں " شخص ہیں۔ اللہ کرے اُنکی ناراضگی ختم ہو جائے۔ (بے نظیر)

دل کا گھاؤ۔ رانی جانے یا راؤ۔

❀ والدین نے لڑکیوں کو کھیلنے کی اجازت دی ہے تو باقی کیوں پریشان ہیں (نادرہ خاکوانی)

تہذیبِ نو کے منہ پہ وہ تھپڑ رسید کر
جو اس حرامزادی کا حلیہ بگاڑ دے

❀ جعلی سرٹیفکیٹ اور غیر حاضر رہنے کے الزام میں دو کانسٹیبل برطرف (ایک خبر)

ڈاکوؤں کے گروہ میں دو اور ساتھیوں کا اضافہ۔